# Samenvatting Khutba Djuma: 03/07/2015

**Aanwijzingen voor de ambthouders om de Qoranische geboden in verband met correcte teruggave van bewaringen en het volgen van een goed gedrag.**

**De maand van Ramadan schenkt aandacht voor het gebed en onze eigen zwakheden.**

**Rechtvaardigheid betekent dat de mens zijn plichten tegenover Allah Almachtige en Zijn volgelingen naleeft.**

Huzur heeft gesteld dat het volgen van degeboden in de Heilige Qoraan en anderenhieraan doen herinneren om ze ook te volgen, de verantwoordelijkheid is van ambtdragers en de "murrabbiyaan". En voordat ze anderen onderrichten moeten ze eerst naar zichzelf kijken of zij zelf ook een voorbeeldige imago geven door de geboden van Allah te volgen. Als dit gebeurt kunnen meer dan vijftig procent van de djamaat de volgers worden van de geboden van Allah. En door zelfverbetering kunnen we de rest van de wereld de echte niveau van goed gedrag laten zien. Ramadan is de maand die een heel grote aanleiding is voor zelfverbetering van de mens. Het is de maand waarin we enerzijds aandacht kunnen geven aan het gebed en anderzijds moeten we ook naar onze zwakheden kijken. De volgers van Hazrat masih-e-maoud(De Beloofde Messias)(vzmh) moeten een heel hoog niveau van goede gedrag vertonen. Wij moeten niet stoppen met vasten zonder reden. Probeer uw gebed naar de juiste waarde te schatten. Zo is het ook noodzakelijk/beter om de Heilige Qoraan grondiger en uitgebreider te lezen. Gebed is noodzakelijk. Bied nawafil gebed aan en probeer om Allah zoveel mogelijk te herdenken. Probeer om tijdens de ramadan maand deze maniervan bidden als deel van je leven te maken.

Huzur-e-anwar zei dat de Heilige Qoraan het gebod bevat dat wij Allah moeten aanbidden zodat er rechtvaardigheid in onze hartenontwikkelt. Huzur vertelde dat hij klachten ontvangt in verband met ambtsdragers. Dat zij niet naar de moskee gaan of niet voldoende bidden, zelfs niet in hun eigen huis en huzur zegt dat hij daardoor gêne voelt. Het is noodzakelijk dat wij altijd bewust blijven in verband met onze gebeden zodat wij beloningen van Allah kunnen ontvangen en onze spirituele toestand kunnen verbeteren.

Huzur-e-anwar vertelde dat Allah Almachtige ons gebiedt om niet van "amanat"/bewaring te stelen. De Beloofde Messias (vzmh) heeft in de baiat geboden en heeft dit als belofte genomen om niet van een bewaring/"amanat" te stelen en zichzelf hiertegen te beschermen. Allah

Almachtige zegt, degene die steelt van "amanat"/bewaring kan aan de rechten en geboden van Allah, Zijn Profeet (vzvAzmh) en zijn medemens niet voldoen. En zoiets neemt ons weg van de rechtvaardigheid. Het gevolg hiervan is dat het gebed van zulke personen niet aanvaardwordt. De Heilige Profeet (vzvAzmh) heeft gezegd, er zijn drie daden waardoor een rechtvaardige iemand niet in staat is om van de rechte pad af te gaan. De eerste daad: de werk van Allah verrichten met de zuiverste voornemens, ten tweede: het beste willen voor iedereen en ten derde: verbonden blijven aan de djamaat. De Beloofde Messias (vzmh) verklaarde dat als je deze drie daden verricht dan heb je de plichten van alle drie nageleefd. Huzur-e-anwar legde verder uit over deze drie typen van bewaringen/"amanat". De Beloofde Messias (vzmh) heeft gezegd: "een persoon is niet van mijn djamaat als hij wegblijft en zichzelf weerhoudt van het kwade oog, stelen van bewaringen/"amanat", omkoperij en alle andere slechte daden". De Beloofde Messias(vzmh) zei verder, dat spirituele schoonheid alleen uit rechtvaardigheid komt. Rechtvaardigheid betekent de plichten van Allah en Zijn volgelingen voldoen.

Huzur-e-anwar zei dat er nog één gebod is van Allah, die de gemeenschap perfekt kan maken en dat kan alleen gebeuren door Zijn gebod dat wij geld uitgeven voor Hem, onze woede onderdrukken en onze medemens vergeven en goed behandelen. Hij zei verder dat tijdens het naleven van plichten moet je soms extra opofferingen maken. De volgelingen van de Heilige Profeet (vzmh) gaven altijd voorkeur aan anderen boven zichzelf ondanks het feit dat ze over zeer weinig beschikten. Een groot voorbeeld van zo'n eigenschap is het gedrag van de Heilige Profeet (vzmh). Hij leerde zijn volgelingen in zo'n grote mate dat hun woede in nederigheid werd getransformeerd. Hij leerde hen manieren aan om anderen goed te behandelen.

De Beloofde Messias (vzmh) zei dat de reden voor het oprichten van de djamaat is zodat het tong, oor, oog en elk andere lichaamsdeel met rechtvaardigheidwordt geabsorbeerd. De Beloofde Messias (vzmh) zei dat je gedrag optimaal moet zijn en dat jij geen woede meer mag voelen. Als iemand iets kwaads zegt tegen je moet je daarvoor van harte bidden dat Allah de Almachtige deze persoon verbetert. En koester geen haat jegens hem in je hart. Als je in deze eigenschappen uitblinkt zal je spoedig dichterbij tot God komen. Huzur bidt dat, Moge Allah onze niveau van gebed tijdens Ramadan verhogen en Moge Hij ons in staat stellen om de plichten van de gemeenschap na te leven. Huzur vroeg iedereen om voor de verbetering van de djamaat te bidden en om tijdens Ramadan zich te beschermen van alle kwaad en voor het succes van onze djamaat te bidden.

صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

خطبہ نمبر 27

منگل 7 جولائی 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

منگل 7 جولائی 2015ء 19 رمضان 1436 ہجری 7 وفا 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 155

## بخشش کی راہ

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:-

جو شخص ماہ رمضان میں اپنے مزدور یا خادم سے اس سے کام کا بوجھ ہلکا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو بخش دے گا اور اسے آگ سے آزاد کردے گا-

(مشکوٰۃ کتاب الصوم)

## عہدیداران کو قرآنی احکامات کا عملی نمونہ بن کر امانتوں کی ادائیگی اور اخلاق حسنہ سے متصف ہونے کی تلقین

# رمضان عبادتوں کی طرف توجہ دلانے کے ساتھ ہماری کمزوریوں کی اصلاح کا بھی مہینہ ہے

## تقویٰ یہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کی تمام امانتوں اور ایمانی عہدوں اور ایسا ہی مخلوق کی تمام امانتوں اور عہد کی حتی الوسع رعایت رکھے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 3 جولائی 2015ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 3 جولائی 2015ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جو کہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا گیا۔ حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم میں بیان خدا تعالیٰ کے احکامات کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھنا اور دوسروں کو ان احکامات کی یاددہانی کروانا جماعت احمدیہ کے ہر سطح کے عہدیداران اور مربیان کی ذمہ داری ہے۔ اور اس کے لئے سب سے پہلے انہیں خود اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا وہ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر عمل کر کے نمونہ بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر ایسا ہو جائے تو 50 فیصد سے زیادہ جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے احکام خداوندی پر چلنے والی بن سکتی ہے۔ اور اس طرح ہم اپنی اصلاح کے ساتھ دنیا کو بھی حقیقی اخلاق کے معیاروں کا پتہ دے سکتے ہیں۔ فرمایا کہ رمضان کا مہینہ بندے کی اصلاح کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔ یہ مہینہ جہاں ہماری عبادتوں کی طرف توجہ دلانے کا مہینہ ہے وہاں ہماری کمزوریوں کی طرف توجہ دلانے اور ان کی اصلاح کا بھی مہینہ ہے۔ حضرت مسیح موعود کو ماننے والوں کے معیار بہت بلند اور اونچے ہونے چاہئیں۔ بغیر کسی جائز عذر کے روزے نہیں چھوڑنے چاہئیں، عبادت کا حق ادا کرنے کی کوشش کریں۔ اسی طرح رمضان میں قرآن کریم کا زیادہ پڑھنا بھی مسنون ہے۔ عبادتیں ضروری ہیں۔ نوافل پڑھنے چاہئیں، زیادہ سے زیادہ اپنی زبانوں کو ذکر الٰہی سے تر رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ پس اس مہینے کی عبادتوں کو پھر زندگی کا حصہ بنانے کی کوشش کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم میں حکم ہے کہ خدا تعالیٰ کی عبادت کرو تا کہ تمہارے دلوں میں تقویٰ پیدا ہو۔ فرمایا کہ جب بعض کارکنان اور عہدیداران کے بارے میں یہ شکایت ملتی ہے کہ نمازوں میں سست ہیں، بیت الذکر میں نہیں آتے یا بعض ایسے ہیں جو گھروں میں بھی نہیں پڑھتے تو اس بات پر بڑی شرمندگی ہوتی ہے۔ پس ہر وقت ہوشیار رہ کر ہمیں اپنی عبادتوں کی نگرانی اور حفاظت کی ضرورت ہے تا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتے چلے جائیں اور روحانی ترقیات حاصل کرنے والے ہوں۔ حضور انور نے فرمایا کہ پھر اللہ تعالیٰ کا ہمیں حکم ہے کہ اپنی امانتوں میں خیانت نہ کرو۔ حضرت مسیح موعود نے شرائط بیعت میں خاص طور پر خیانت نہ کرنے اور اس سے بچنے کا ہم سے عہد لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خائن نہ خدا تعالیٰ، نہ اس کے رسول ﷺ اور نہ ہی بندوں کے حقوق ادا کر سکتا ہے۔ حقوق کی ادائیگی میں خیانت تقویٰ سے دور لے جاتی ہے۔ نتیجتاً ایسے شخص کی عبادتیں بھی اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تین باتوں کے بارے میں ایک مومن کا دل خیانت نہیں کر سکتا۔ خدا تعالیٰ کی خاطر کام میں خلوص نیت۔ ہر ایک کیلئے خیر خواہی۔ جماعت کے ساتھ مل کر رہنا۔ فرمایا پس اس میں اللہ تعالیٰ کا حق بھی ہے، بندوں کے حق بھی ہیں اور جماعت سے وفا کا حق بھی ہے۔ حضور انور نے ان تینوں باتوں کی وضاحت بیان کرتے ہوئے امانتوں کے حق ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ جو شخص بدنظری سے، خیانیت سے، رشوت سے اور ہر ایک ناجائز تصرف سے توبہ نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ روحانی خوبصورتی اور روحانی زینت تقویٰ سے ہی پیدا ہوتی ہے اور تقویٰ یہ ہے کہ انسان خدا کی تمام امانتوں اور ایمانی عہدوں اور ایسا ہی مخلوق کی تمام امانتوں اور عہد کی حتی الوسع رعایت رکھے۔

حضور انور نے فرمایا کہ پھر ایک اور اللہ تعالیٰ کا حکم ہے جو معاشرے کے حسن کو نکھارنے والا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے مال کی قربانی پیش کرو، غصہ کو دباؤ اور لوگوں سے درگزر کا معاملہ کرتے ہوئے ان کے ساتھ احسان کا سلوک کرو۔ فرمایا کہ حقوق کی ادائیگی کے ساتھ بعض دفعہ قربانی بھی کرنی پڑتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے صحابہؓ باوجود تنگی کے دوسروں کو اپنے پر ترجیح دیتے تھے۔ پھر اس کردار کی عظمت کی اعلیٰ ترین مثال تو ہمیں آنحضرت ﷺ کے اسوہ میں نظر آتی ہے۔ پھر آپؐ نے اپنے صحابہؓ کی اس طرح تربیت کی کہ ان کے جائز غصوں کو بھی عفو میں بدل دیا اور ان کو احسان کرنے کے اسلوب سکھائے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اس جماعت کو تیار کرنے سے غرض یہی ہے کہ زبان، کان، آنکھ اور ہر ایک عضو سے تقویٰ سرایت کر جاوے، اخلاق حسنہ کا اعلیٰ نمونہ ہو اور بے جا غصہ وغیرہ بالکل نہ ہو۔ اگر کوئی بدگوئی کرے تو اس کے لئے دردِ دل سے دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کی اصلاح کر دیوے اور دل میں کینے کو ہرگز نہ بڑھاوے۔ اگر تم ان صفات حسنہ میں ترقی کرو گے تو بہت جلدی خدا تک پہنچ جاؤ گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ پس اللہ تعالیٰ اس رمضان میں ہمیں عبادتوں کے معیار بڑھانے کے ساتھ دوسرے معاشرتی اخلاق اور حقوق کی ادائیگی کے معیار بھی قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے، حضور انور نے رمضان میں جماعت کی ترقی، ہر قسم کے شر سے بچنے اور دین حق کے غلبہ کیلئے بہت زیادہ دعائیں کرنے کی تحریک فرمائی۔

## امن کی زندگی

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

انصار کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں اور عزیزوں، خواہ وہ ان کے اپنے بیٹے ہوں یا بھائی یا بہن کے بیٹے ہوں، ان کو بار بار نصیحت کریں، ان کو یہ باور کرائیں کہ سب سے زیادہ امن کی زندگی، وقف کی زندگی ہے۔ سب سے زیادہ سکینت اور طمانیت کی زندگی، وقف کی زندگی ہے۔ اللہ تعالیٰ واقفین کو کبھی ضائع نہیں کرتا۔ جو واقفین وفا کے ساتھ اپنے عہد پر قائم رہتے ہیں، ان کو خدا کبھی ضائع نہیں کرتا، ان کی اولادوں کو کبھی ضائع نہیں کرتا۔ دنیا بھی پھر ان کے پیچھے چلی آتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سے زیادہ طمانیت بخش کوئی زندگی نہیں، جو خدا کے دین کی خدمت میں صرف ہو رہی ہو۔

(تحریک جدید ایک الٰہی تحریک جلد ششم صفحہ 219)

خدمت دین کیلئے زندگی وقف کر کے جامعہ احمدیہ میں داخل ہونے کا جلد فیصلہ کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

## اللہ کی نعمت

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''اب جو اللہ تعالیٰ نے ایم ٹی اے کی نعمت ہمیں عطا فرمائی ہے اس سے حضرت اقدس مسیح موعود نے (-) کی جو حقیقی تعلیم ہمیں دی ہے وہ خلیفہ وقت کی آواز میں سب تک پہنچ رہی ہے۔ اس آواز کے پہنچنے میں تو کوئی روک نہیں ہے، اس کو تو کسی ملک کا ویزا درکار نہیں ہے، اس کو تو کسی ......کی مرضی کے مطابق خطبات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تو ہوائی لہروں پر ہر گھر میں، ہر شہر میں، اپنی اصلی حالت میں اسی طرح اتر رہی ہے ......جس طرح حضرت مسیح موعود نے ہمیں بتایا۔''

(خطباتِ مسرور جلد سوئم صفحہ 40)